رکو بڑھا کر شفافیت، میرٹ اور گڈ گورننس کو یقینی بنانا ہے تاکہ صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی تربیت سے آراستہ کر کے روزگار کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور نیاز احمد نیچاری اور ایم ڈی بی ٹیوٹا (TEVTA-B) محمود الرحمن سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں محکمے کے انتظامی و مالی امور، زیر التواء منصوبہ جات اور بی ٹیوٹا کی کارکردگی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا کہ صوبے سے بے روزگاری کے خاتمے کا بہترین حل فنی تعلیم کا فروغ ہے۔ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ بلوچستان کا نوجوان صرف ڈگری ہولڈر نہ ہو بلکہ ہنر مند بھی ہو۔ انہوں نے صوبے بھر میں موجود ٹیکنیکل سینٹرز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے ایسے کورسز متعارف کروانے کی ضرورت پر زور دیا جن کی مارکیٹ میں مانگ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محنت کش کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں صنعتی یونٹس اور نجی اداروں میں لیبر قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور ورکرز ویلفیئر بورڈ کے تحت مزدوروں اور ان کے بچوں کو صحت و تعلیم کی سہولیات کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں تاکہ کان کنوں اور فیکٹری ورکرز کو محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ موجودہ دور میں روایتی طریقوں سے ہٹ کر جدید تقاضوں کے مطابق چلنا ہوگا۔ صوبائی مشیر نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ محکمے کی بہتری اور فعالیت پر تمام تر توجہ مرکوز رکھیں تاکہ قلیل مدتی اور طویل مدتی بنیادوں پر اصلاحات کا نفاذ ممکن بنایا جا سکے۔ ملاقات میں سیاسی و قبائلی شخصیت حاجی ممتاز عمرانی اور دوست محمد ساتکزئی بھی موجود تھے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 18 DEC 2025 Page No. 16


## بلوچستان میں صنعتی ترقی سے معاشی انقلاب آئے گا، سینیٹر عبدالقادر

**حب میں آئل ریفائنری منصوبہ خود کفالت اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرے گا**

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صنعتی ترقی سے ہی صوبے میں معاشی انقلاب آئے گا بلوچستان کے معدنی وسائل پر پوری دنیا کی نظریں جمی ہوئی ہیں حب میں آئل ریفائنری منصوبہ بلوچستان میں صنعتی ترقی، توانائی کے شعبے میں خود کفالت اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا اس لیے حکومت منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو فی الفور ختم کرے تاکہ صوبے کی ترقی کی رفتار برقرار رہے صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور مکمل تعاون فراہم کرے تاکہ منصوبے کو بروقت مکمل کیا جا سکے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ حکومت سرمایہ کاروں کے ساتھ قریبی رابطہ قائم رکھے اور سرمایہ کاری کے مختلف منصوبوں سے متعلق قانونی، انتظامی اور تکنیکی معاملات کو تیزی سے حل کرے تاکہ سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی نہ ہو حب آئل ریفائنری جیسے متعدد میگا پراجیکٹس کے قیام سے صوبے سے بیروزگاری کے خاتمے میں مدد ملے گی۔

## پی اے سی، ترقیاتی منصوبوں میں ایس ڈی جیز کو ترجیح نہ دیئے جانے کا انکشاف

**پائیدار ترقی متاثر ہونے کا خدشہ ہے، نئے منصوبوں کیلئے صرف 18 فیصد فنڈ مختص کیے گئے**

**بھوک کے خاتمے اور غربت میں کمی کیلئے کوئی جامع پروگرام شروع نہیں کیا گیا، اصغر ترین کی زیر صدارت اجلاس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس، حکومت بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی میں ایس ڈی جیز کو ترجیح نہ دیئے جانے کا انکشاف. پی اے سی کا اجلاس کمیٹی روم میں چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت ہوا جس میں کمیٹی ارکان انجینئر زمرک خان اچکزئی، زابد علی ریکی، رحمت صالح بلوچ، صفیہ بی بی اور فضل قادر مندوخیل نے شرکت کی جبکہ اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات آصف علی فرخ، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال، چیف اکاؤنٹس افسر پی اے سی سید ادریس آغا بھی موجود تھے۔ اجلاس میں پی اینڈ ڈی کے موضوعاتی آڈٹ پیراز پر غور کیا گیا جس میں پائیدار ترقیاتی اہداف کے تحت فنڈز کی ترجیحی تقسیم، مالی سال 2021-22 کے پی ایس ڈی پی کے تخمینوں، منصوبوں میں سست روی، ناقص منصوبہ بندی اور فنڈز کے غیر موثر استعمال سے متعلق آڈٹ اعتراضات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

## بھارت میں خاتون کا حجاب ہٹانا شرمناک عمل ہے، عبدالخالق اچکزئی

**بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہو گیا، بہار کے وزیر اعلیٰ کے خلاف کارروائی کی جائے، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی نے بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی جانب سے ایک خاتون ڈاکٹر کا حجاب زبردستی ہٹانے کے شرمناک اور قابل نفرت واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی خاتون کے لباس، حجاب اور ذاتی وقار میں مداخلت نہ صرف انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے بلکہ مذہبی آزادی اور خواتین کی عزت نفس پر کھلا حملہ بھی ہے۔ اسپیکر نے اس عمل کو طاقت کے غلط استعمال، مسلمانوں کی تذلیل اور خواتین کی توہین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات کسی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاستی عہدہ کسی کو یہ اختیار نہیں دیتا کہ وہ خواتین کی عزت کو مجروح کرے یا مذہبی شناخت کا مذاق اڑائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے پر غیر مشروط معافی مانگی جائے اور بہار کے وزیر اعلیٰ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایسے رویوں کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں۔

## زیارت: ضلعی انتظامیہ اور ایف سی کے زیر اہتمام کھلی کچہری کا انعقاد

**عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی، ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان**

زیارت (خ ن) ضلعی انتظامیہ زیارت اور ایف سی کے زیر اہتمام عوام کے مسائل کے حل کے لیے قائداعظم ریذیڈنسی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ، بریگیڈیئر نعمان، کرنل ذیشان، میجر عامر، ڈسٹرکٹ پولیس افسر ایاز موسیٰ خیل، سردار قاسم خان سارنگزئی ڈسٹرکٹ افسران قبائلی عمائدین اور بڑی تعداد میں مختلف مکاتب فکر کے لوگوں نے شرکت کی عوام نے اپنے مسائل کے حل کے لیے درخواستیں پیش کیں ڈپٹی کمشنر زیارت محمد ریاض خان داوڑ نے کہا کہ عوام نے بی ایس ڈی آئی سکیموں کے فنڈز کے حوالے سے جو تجاویز پیش کی ہیں ان کا خیر مقدم کرتے ہیں ان کی اچھی تجاویز پر غور کیا جائے گا اور بی ایس ڈی آئی اسکیموں کو صاف اور شفاف انداز میں مکمل کیا جائے گا عوامی مسائل کو سن کر حل کریں گے عوامی مفادات کا تحفظ کریں گے عوام کو روزمرہ زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ تعلیم صحت اور شعبوں کی فعالیت کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں ضلع زیارت میں امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

## بلوچستان اسمبلی کی آسامیوں کو بی پی ایس سی کے بغیر مشتہر کرنے کیخلاف ہائیکورٹ میں پٹیشن دائر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں خالی آسامیوں کو بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے بغیر مشتہر کرنے کے خلاف بلوچستان ہائی کورٹ میں آئینی پٹیشن دائر کر دی گئی۔ یہ آئینی درخواست سلمان سنجرانی ایڈووکیٹ نے ساتھی وکلاء مبشر خان کاکڑ ایڈووکیٹ اور شہریار علی ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بلوچستان اسمبلی نے متعلقہ اسامیوں کو بلوچستان پبلک سروس کمیشن (بی پی ایس سی) کو ریفر کیے بغیر اشتہار جاری کیا جو آئین اور قانون کی خلاف ورزی ہے۔ درخواست میں عدالت سے مذکورہ بھرتیوں کے عمل کے خلاف نوٹس لینے کی استدعا کی گئی ہے۔

## سیاسی جماعتوں نے کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات روکنے کیلئے ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا

**سرد موسم اور امن و امان کی صورتحال کے باعث الیکشن ملتوی کیے جائیں، باپ، پیپلز پارٹی اور ن لیگ کی درخواست**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات ملتوی کرانے کیلئے صوبے کی مختلف سیاسی جماعتوں نے بلوچستان ہائی کورٹ میں آئینی درخواستیں دائر کر دی۔ یہ درخواستیں بلوچستان عوامی پارٹی، پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ ن کی جانب سے دائر کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ عوامی نیشنل پارٹی اور پشتونخوا نیشنل پارٹی کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات ملتوی کرانے کیلئے بلوچستان ہائی کورٹ میں آئینی درخواستیں دائر کی ہیں۔ ان درخواستوں میں صوبے میں سرد موسم اور امن و امان کی صورتحال کو مدنظر رکھتے کوئٹہ میں 28 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات ملتوی کرانے استدعا کی گئی ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## 61 نوجوانوں کو سعودی عرب اور قطر میں روزگار کے مواقع فراہم

**نوجوان بیرون ملک پاکستان اور بلوچستان کے سفیر ہیں، حمود الرحمن**

**یوتھ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام ملکی سطح پر اپنی نوعیت کا منفرد پروگرام ہے، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) چیف منسٹر یوتھ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت مزید 61 نوجوانوں کو سعودی عرب اور قطر میں روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ ان نوجوانوں کو تقریب کے دوران ویزے اور سفری دستاویزات دی گئیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن کے مطابق، صوبے کے نوجوانوں کو باعزت روزگار...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

فراہم کرنا اور ملکی معیشت کو مستحکم بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے مہمان خصوصی مینیجنگ ڈائریکٹر حمود الرحمن تھے۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان بیرون ملک پاکستان اور بلوچستان کے سفیر ہیں۔ باعزت روزگار کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ چیف منسٹر یوتھ سکل پروگرام ملکی سطح پر اپنی نوعیت کا پہلا اور منفرد پروگرام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کی جانب سے بھیجا جانے والا زرمبادلہ نہ صرف ان کے خاندانوں بلکہ ملکی معیشت کی بہتری میں اہم کردار ادا کرے گا۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 18 DEC 2025 Page No. 17

# ہائیکورٹ نے چیئرمین بی ڈی اے کی تقرری کو معطل کردیا

## صرف BCS یا SSC کے مساوی گریڈ کا افسر چیئرمین مقرر ہوسکتا ہے، جسٹس کامران

## بلوچستان اسمبلی کی خالی اسامیوں کو BPSC کے بغیر مشتہر کرنے کا عمل چیلنج

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے چیئرمین بی ڈی اے جاوید خان کی تقرری کو معطل کرنے کا حکم دے دیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس محمد کامران (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

(باقی صفحہ 5 نمبر 15)

ملا خیل اور جسٹس نجم مینگل پر مشتمل بینچ نے کیپٹن ریٹائرڈ جاوید خان کی بعد از ریٹائرمنٹ بطور چیئرمین بی ڈی اے تعیناتی سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے حکم دیا کہ جاوید خان کی بطور چیئرمین بی ڈی اے تقرری کو معطل کیا جائے۔ عدالت نے حکم دیا کہ صرف بلوچستان سول سروس اور سیکریٹریٹ سروس کیڈرز کے مساوی گریڈ کا افسر چیئرمین بی ڈی اے مقرر کیا جاسکتا ہے موجودہ چیئرمین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی ریٹائرمنٹ کے بعد محکمہ کے ملازم نہیں رہے وزیر اعلیٰ کی خواہش پر جاوید خان کی خدمات کا تسلسل اور توسیع ممکن نہیں عدالت نے حکم دیا کہ چیف سیکرٹری اور اعلیٰ حکام کا چیئرمین بی ڈی اے کا تقرر قوانین اور قواعد سے مطابقت نہیں رکھتا جاوید خان کا 6 فروری کا بطور ڈائریکٹر سروسز اور یکم مارچ 2025 کا چیئرمین بی ڈی اے کا نوٹیفکیشن معطل کیا جاتا ہے، عدالت نے حکم دیا کہ حکومت درمیانی مدت میں بوقت ضرورت چیئرمین یا قائم مقام چیئرمین کا تقرر کرسکتی ہے حکومت چیئرمین بی ڈی اے کی تقرری وضع کیے گئے قواعد کے مطابق کرے۔ واضح رہے کہ جاوید خان کی بطور چیئرمین بی ڈی اے تعیناتی کو جلیل احمد اور سلیم لاشاری ایڈووکیٹ نے چیلنج کیا تھا۔ دریں اثناء بلوچستان اسمبلی میں خالی آسامیوں کو بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے بغیر مشتہر کرنے کا عمل بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ بدھ کے روز سلمان سنجرانی ایڈووکیٹ نے ساتھی وکلاء مبشر خان کاکڑ اور شہریار علی کے ہمراہ بلوچستان اسمبلی کی جانب سے مشتہر کی گئی ملازمتوں کے خلاف آئینی درخواست بلوچستان ہائی کورٹ میں دائر کردی ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بلوچستان اسمبلی نے متعلقہ اسامیوں کو بلوچستان پبلک سروس کمیشن (بی پی ایس سی) کو ریفر کیے بغیر اشتہار جاری کیا، جو آئین اور قانون کی خلاف ورزی ہے۔ درخواست گزاروں کے مطابق بھرتیوں کا عمل شفافیت اور میرٹ کے اصولوں کے منافی ہے، جس پر عدالت سے مداخلت کی استدعا کی گئی۔ بلوچستان ہائی کورٹ نے آئینی درخواست سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کردیے ہیں۔ سلمان سنجرانی ایڈووکیٹ کے مطابق عدالت عالیہ نے کیس کے حتمی فیصلے تک متعلقہ حکام کو کسی بھی قسم کی حتمی بھرتیوں یا تقرریوں سے روکنے کا حکم بھی جاری کیا ہے۔

JANG QUETTA

# کوئٹہ شہر سے ڈیری فارمز کی منتقلی ناگزیر ہوچکی، کمشنر

## متعلقہ محکمے اور ڈیری فارمز ایسوسی ایشن باہمی اشتراک سے اس عمل کو یقینی بنائیں، شاہزیب کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر سے ڈیری فارمز کی منتقلی کے حوالے سے اجلاس ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی، ایس پی رحیم خان، ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ ظہور احمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ کیو ڈی اے محمد سلیم کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ (پولیٹیکل) کلیم اللہ، ڈیری فارمز ایسوسی ایشن کے نمائندگان اور کیو ڈی اے کے متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ شہر سے ڈیری فارمز کی منتقلی ناگزیر ہوچکی ہے اس لیے تمام متعلقہ محکمے اور ڈیری فارمز ایسوسی ایشن باہمی اشتراک سے جلد از جلد اس عمل کو یقینی بنائیں انہوں نے ہدایت کی کہ منتقلی کے لیے مختص کردہ مقامات پر موجود رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے جبکہ کیو ڈی اے ایک جامع فنکشنل ماڈل تیار کرکے واضح روڈ میپ پیش کرے تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ کتنے عرصے میں ڈیری فارمز کی شہر سے منتقلی مکمل ہوسکے گی کمشنر نے کہا کہ شہر بھر میں تقریباً 400 کے قریب ڈیری فارمز موجود ہیں جن کی وجہ سے ماحولیاتی مسائل جنم لے رہے ہیں بالخصوص جان محمد روڈ اور ایسٹرن بائی پاس کے ملحقہ علاقوں میں صورتحال زیادہ سنگین ہے انہوں نے زور دیا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز ہر پہلو کا باریک بینی سے جائزہ لے کر ڈیری فارمز کو شہر سے باہر منتقل کرنے کے عمل کو جلد مکمل کریں۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان میں ہیپاٹائٹس کے مفت علاج اور اسکریننگ مہم میں تیزی

## گزشتہ سال 1 لاکھ 32 ہزار سے زائد افراد کی اسکریننگ کی گئی، ڈاکٹر امیر علی، ڈاکٹر حسین بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی کوآرڈینیٹر ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام بلوچستان ڈاکٹر امیر علی بگٹی اور ڈاکٹر محمد حسین بلوچ نے کہا ہے کہ گزشتہ برس صوبے میں 1 لاکھ 32 ہزار 300 افراد کی اسکریننگ کی گئی جس کے نتیجے میں 8 ہزار 617 افراد ہیپاٹائٹس بی جبکہ 5 ہزار 817 ہیپاٹائٹس سی بقیہ نمبر 85 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 85 صفحہ 5 پر

کے مرض میں مبتلا پائے گئے ہیں گزشتہ 3 سالوں میں 2 ہزار سے زائد ہیپاٹائٹس کے مریضوں کا مکمل طور پر مفت علاج کیا جاچکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی کی واضح رہنمائی اور وژن کے تحت پبلک ہیلتھ لیبارٹری کوئٹہ میں مفت پی سی آر مشین کے ذریعے لوگوں کو ٹیسٹ کی سہولت فراہم کررہے ہیں جبکہ ماضی میں یہ ٹیسٹ ہزاروں روپے کی لاگت سے کرائے جاتے تھے انہوں نے بتایا کہ جلد ہی نصیر آباد میں پی سی آر مشین فراہم کردی جائے گی انہوں نے کہا کہ جعفر آباد، صحبت پور میں کامیاب ہیپاٹائٹس اسکریننگ مہم منعقد کی گئی جن میں 8 ہزار سے زائد افراد کی اسکریننگ اور 1 ہزار 830 افراد میں ہیپاٹائٹس سی کا مرض پایا گیا انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم ہیپاٹائٹس ایلیمینیشن پروگرام کے تعاون سے مفت علاج فراہم کیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ عوام کو صفائی، صاف پانی محفوظ انجکشن اور بیماری سے بچاؤ سے متعلق آگاہی دی جارہی ہے انہوں نے بتایا کہ بلوچستان کے 36 اضلاع میں ہیپاٹائٹس سینٹرز قائم کیے گئے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 18 DEC 2025 Page No. 18


## میٹروپولیٹن کارپوریشن کو تباہ کرنے والے انتخابات کی راہ میں رکاوٹ ہیں

**صفائی کا نظام نجی کمپنی کے تحت چلایا جا رہا ہے اور وہ بھی ناکامی سے دوچار ہے، پشتونخوا میپ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں وہی جماعتیں رکاوٹ ہیں جنہوں نے 13 سال تک کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کو ایڈمنسٹریٹروں کے ذریعے تباہی و بربادی سے دوچار کیا اور آج میٹروپولیٹن کارپوریشن مفلوج ہے۔ سیکڑوں ملازمین کو برطرف کرنے کے بعد بھی ملازمین کے لیے تنخواہیں نہیں شہر میں صفائی کا نظام نجی کمپنی کے تحت چلایا جا رہا ہے اور وہ بھی ناکامی سے دوچار ہے گلی محلے کی سطح پر عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے ضروری ہے کہ بلدیاتی اداروں کو بحال و فعال بنا کر محلے کی سطح پر عوام کے مسائل کو حل کیا جائے اور عوام کے حقیقی نمائندوں کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ جمہوری حق رائے دہی کے لیے استعمال کے لیے عوام کو جمہوری ماحول فراہم کیا جائے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا میپ کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نظام عسکر، سردار ادریس بڑیچ، حضرت عمر ایڈووکیٹ و دیگر صوبائی، ضلعی، ایگزیکٹوز، تحصیل و علاقائی رہنماؤں نے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں انتخابی مہم کے دوران انتخابی دفاتر کے افتتاحی تقاریب، عوامی اوسی جرگوں، کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پارٹی کے امیدواروں کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کریں پارٹی عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے اقدامات کرے گی۔

## ارکان اسمبلی کیخلاف مہم پرامن ماحول خراب کرنے کی سازش ہے، نیشنل پارٹی

**رحمت صالح بلوچ پر سنگین الزامات لگا کر ان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے، ترجمان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے سوشل میڈیا پر بلوچستان لیکس کے نام سے سیاستدانوں اور منتخب ارکان اسمبلی کے خلاف جاری مہم کو بلوچستان کے پرامن اور جمہوری سیاسی ماحول کو سبوتاژ کرنے کی سازش قرار دیتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہم کا مقصد عوام میں منتخب نمائندوں کے خلاف بداعتمادی پیدا کرنا اور صوبے میں سیاسی عدم استحکام کو ہوا دینا ہے، منصوبہ بندی کے تحت ارکان اسمبلی بالخصوص نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما رحمت صالح بلوچ پر کرپشن جیسے سنگین الزامات لگا کر ان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار کی گئی جعلی ویڈیوز میں پیش کیے گئے تمام دعوے بے بنیاد، من گھڑت اور حقائق کے منافی ہیں۔ ترجمان نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ ویڈیوز میں ایک ارب 35 کروڑ روپے کے ترقیاتی فنڈز کا ذکر کیا جا رہا ہے حالانکہ نیشنل پارٹی اس وقت صوبائی حکومت کا حصہ ہی نہیں اور نہ ہی رحمت صالح بلوچ کسی ایسے محکمے کے وزیر ہیں جن کے پاس اس نوعیت کے فنڈز کے اجرا یا استعمال کا اختیار ہو، یہ الزامات محض عوام کو گمراہ کرنے اور سیاسی انتقام کی عکاسی کرتے ہیں۔

## عوام کی زمینوں پر قبضہ، چیک پوسٹوں پر تذلیل بند کی جائے، ہدایت الرحمٰن

**بلوچستان کے وسائل یہاں کے عوام کی ترقی کیلئے خرچ ہونے چاہئیں، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ عوام کی زمینوں پر قبضہ، چیک پوسٹوں پر تلاشی و تذلیل بند کی جائے، بلوچستان کے وسائل یہاں کے عوام کی ترقی کیلئے خرچ ہونے چاہئیں، بلوچستان کے عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کروں گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں صوبائی ذمہ داران کے ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں صوبائی ذمہ داران اور خصوصی طور پر الخدمت فاؤنڈیشن صوبائی صدر عبدالمجید سربازی شریک ہوئے۔ اجلاس میں گزشتہ فیصلوں پر عمل درآمد کے ساتھ صوبائی ذمہ داران نے اپنے شعبہ جات کی رپورٹ پیش کی۔ اجلاس میں مینار پاکستان اجتماع میں بلوچستان سے شرکت اور کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے بھی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس کو الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان صدر عبدالمجید سربازی نے بتایا کہ کوئٹہ اور جعفرآباد میں الخدمت کامیاب بنو قابل پروگرام کے بعد مزید دس میں بھی الخدمت بنو قابل پروگرام شروع کر رہا ہے۔ کوئٹہ میں ٹیسٹ و انٹرویو کے بعد مقامات پر کمپیوٹر لیب تیار ہو گئے ہیں اور کلاسز 25 جنوری سے شروع ہوں گی۔ گوادر میں الخدمت بنو قابل انٹری ٹیسٹ 25 جنوری ہو گا جس میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن خصوصی شرکت کریں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 8 فروری کو جعفرآباد میں عوامی جلسہ ہو گا جس میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن شرکت کریں گے۔ اجلاس میں کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کی فہرستوں میں غلطیوں اور بوگس اندراجات کی مذمت کی اور بلدیاتی الیکشن منصفانہ غیر جانبدارانہ کرانے کا مطالبہ کیا گیا۔

## سیاسی جماعتیں وسائل کی لوٹ مار کا راستہ روکیں، لشکری رئیسانی، ساجد ترین

**منرلز ایکٹ بلوچستان کے وسائل لوٹنے کا سامراجی طریقہ ہے، ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ بلوچستان کے وسائل کو لوٹنے کا سامراجی طریقہ ہے، ہم آئندہ نسلوں کی باعزت زندگی کیلئے سیاسی جماعتوں کے پاس چل کر جا رہے ہیں تاکہ اسٹیک ہولڈرز اور سیاسی جماعتیں بلوچستان کے وسائل کی لوٹ مار کا راستہ روکیں، یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر بی این پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ، مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، مرکزی سیکرٹری انسانی حقوق احمد نواز بلوچ، ضلعی صدر غلام نبی مری، میر مقبول احمد لہڑی، حاجی وحید لہڑی و دیگر بھی موجود تھے۔ قبل ازیں ملاقات میں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ سمیت بلوچستان کے اجتماعی قومی امور اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان سات دہائیوں سے تکالیف، جبر اور استحصال کا شکار رہا ہے ایسے میں یقیناً پارلیمانی سیاست کے ذریعے بھی بلوچستان کے مسائل کو حل کرنے کی موثر کوشش نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ملٹی نیشنل کمپنیاں ہماری سرزمین اور اس کے وسائل کو عالمی بینکوں کے پاس گروی رکھیں گی اور ہم دہائیوں تک ان کے چنگل سے باہر نہیں نکل پائیں گے جو ایک خوفناک بات ہے۔

## بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار کی کوشش کی جا رہی ہے، پشتونخوا نیپ

**سرکاری جماعتیں انتخابات میں کھلی مداخلت کر رہی ہیں، نصراللہ زیرے و دیگر**

**طلبا و طالبات منظم، جمہوری اور نظریاتی پلیٹ فارم کے تحت جدوجہد کریں، بی ایم سی میں خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ سرکاری جماعتیں بلدیاتی انتخابات میں کھلی مداخلت کے ذریعے آزاد، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابی عمل کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں اور انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنے کے لیے مختلف ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری نصیر خوشحال کاسی اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نداسنگر، رحمت اللہ صابر، حمیداللہ توخی، عبدالرزاق بڑیچ اور علی محمد ترین نے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں جی کالونی، پشتون آباد، کوتوال، تختانی بائی پاس، کچلاک، قمبرگ میں اجتماعات اور انتخابی دفاتر کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ مدتوں بعد کوئٹہ شہر میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ہو رہا ہے، مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ سرکاری جماعتوں کے ایم این ایز، ایم پی ایز اور وزرا، انتخابی مہم کے دوران کھلے عام سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں۔ مختلف علاقوں میں ترقیاتی اسکیموں کے نام پر افتتاحی تقاریب منعقد کی جا رہی ہیں اور فیتے کاٹے جا رہے ہیں، جو الیکشن قوانین اور ضابطہ اخلاق کی صریح خلاف ورزی ہیں ان تمام غیر قانونی اقدامات کے بارے میں الیکشن کمیشن، ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر (ڈی آر او) اور ریٹرننگ آفیسرز (آر اوز) کو بروقت تحریری طور پر آگاہ کیا جا چکا ہے، مگر اس کے باوجود کوئٹہ کے ایم پی ایز اور وزرا کے خلاف تاحال کوئی موثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی جو الیکشن کمیشن کی غیر جانبداری پر سنگین سوالات اٹھاتی ہے۔ 360 سے زائد کمبائنڈ (خواتین و مرد مشترکہ) پولنگ اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں جو نہ صرف عوامی مشکلات کا باعث ہیں بلکہ اس سے یہ تاثر بھی ملتا ہے کہ انتخابات میں منظم دھاندلی کا ایک بڑا منصوبہ بنایا گیا ہے۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن بولان میڈیکل یونیورسٹی یونٹ کے زیر اہتمام فرسٹ ایئر کے نئے داخل ہونے والے طلبا و طالبات کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب کی صدارت پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زونل سیکرٹری وارث افغان نے کی۔ تقریب سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے اور پشتونخوا ایس او کے زونل سیکرٹری وارث افغان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتون طلبا و طالبات پر ایک بھاری قومی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ نہ صرف بہترین اور باصلاحیت ڈاکٹر بنیں بلکہ اپنے پیشے کو انسانیت، عوامی خدمت اور قومی فریضے کے طور پر اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم سمیت پاکستان کی دیگر محکوم اقوام کو درپیش سامراجی، نوآبادیاتی اور ریاستی جبر سے نجات اسی صورت ممکن ہے جب طلبا و طالبات اور عوام اپنی قومی جدوجہد کو سمجھیں، اس سے وابستہ ہوں اور ایک منظم، جمہوری اور نظریاتی پلیٹ فارم کے تحت متحد ہو کر جدوجہد کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 18 DEC 2025 Page No. 19


## بلوچستان کے ساحل ووسائل پر مقامی لوگوں کا حق ہے، مولانا حیدری

### طاقت کے زور پر بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں ہوگا، مسائل کے حل کیلئے یہاں کے لوگوں سے کامیاب مذاکرات کرنا ہونگے

### عصری اداروں کے فارغ التحصیل لوگ غیر اسلامی ترامیم کے ذریعے پاکستان کے اسلامی آئین کا حلیہ بگاڑنا چاہتے ہیں

**مولویوں کو کشتی میں بٹھا کر سمندر برد کردینے کی باتیں کرنیوالوں کا انجام دنیا دیکھ چکی، مولانا عبدالغفور، مولانا قمرالدین ودیگر**

اوتھل (نامہ نگار) حکمرانوں کو مدارس کا ممنون و مشکور ہونا چاہیے کہ مدارس نجی سیکٹر میں قوم کے بچوں کا نان ونفقہ برداشت کرکے انہیں مفت تعلیم فراہم کرتے ہیں، حکمرانوں کی جانب سے مدارس کی حوصلہ افزائی کی بجائے ان کی کردارکشی کی جاتی ہے، دینی مدارس نے برصغیر کے لوگوں کو آزادی دلائی، کیمبرج یونیورسٹی اور آکسفورڈ یونیورسٹی سے فارغ التحصیل عصری علوم کے حامل لوگ غیر اسلامی ترامیم لاکر پاکستان کے اسلامی آئین کا حلیہ بگاڑنا چاہتے ہیں، جمعیت اقتدار میں آکر آئین سے قرآن وسنت کے خلاف تمام قوانین کا خاتمہ کرے گی، بلوچستان........

بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کے ساحل ووسائل پر یہاں کے لوگوں کا حق ہے، ان خیالات کا اظہار جمعیت کے مرکزی جنرل سیکرٹری ممبر قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری سرپرست اعلی قائد جھالاوان فقیہ العصر مولانا سائیں قمرالدین، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے امیر مولانا اعجاز مصطفی، مولانا حافظ محمد نصیب مینگل، مولانا صبغت اللہ جوگی، مولانا قاضی غیب الرحمن، مرکزی اقلیتی رہنما، سابق ممبر اسمبلی بلوچستان سیٹھ شام لال لاسی مولانا مفتی اللہ بخش، مولانا شاہ محمد صدیقی ودیگر مقررین نے گزشتہ روز جامعہ مدنیہ اوتھل کے زیر اہتمام سالانہ تکمیل ختم بخاری وجلسہ دستار فضیلت کانفرنس کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4　　Dated: 18 DEC 2025　　Page No. 20


## شاباش پولیس، موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے دو کارندے گرفتار کر لیے

**منشیات اور ٹی ٹی برآمد، ملزمان سلمان اور اسوت علی نے اپنے دیگر ساتھیوں کی نشاندہی بھی کر دی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بجلی گھر پولیس نے ایئر پورٹ روڈ پر دوران چیکنگ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے دو کارندوں کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکل، منشیات اور اسلحہ قبضے میں لے لیا پولیس کے مطابق ایس ایچ او بجلی گھر تھانہ جاوید بزدار و دیگر عملے کے ہمراہ گزشتہ شب ایئر پورٹ روڈ بی اے مال کے قریب چیکنگ کر رہے تھے کہ اسی دوران ایک موٹر سائیکل پر سوار دو مشکوک افراد کو روکنے کا اشارہ کیا موٹر سائیکل سواروں نے فرار ہونے کی کوشش کی تاہم پولیس نے گھیرے میں لے لیا تلاشی لینے پر منشیات اور ٹی ٹی برآمد ہونے پر ملزمان سلمان اور اسوت علی کو گرفتار کر لیا ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے انکشاف کیا کہ ان کا تعلق موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ سے ہے شہر کے مختلف علاقوں درجنوں موٹر سائیکلیں چھین کر منگچر لے جا کر فروخت کر دیں ملزمان نے اپنے دیگر ساتھیوں کی نشاندہی بھی کی ہے جن کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں جبکہ بجلی گھر پولیس نے کوئٹہ تھانوں کو بھی ملزمان کی گرفتاری کے حوالے سے آگاہ کر دیا ہے۔

## اے این ایف کی کارروائی
## چرس برآمد، 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس نے یارو میں کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے چرس برآمد کر لی۔ اے این ایف کے ذرائع کے مطابق اے این ایف کے حکام کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ منشیات اسمگلر بھاری مقدار میں منشیات اسمگل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس پر اے این ایف ٹیم نے گزشتہ روز یارو میں ناکہ بندی کر کے چیکنگ شروع کی اسی دوران ایک گاڑی روکنے کا اشارہ کیا تاہم ڈرائیور نے فرار ہونے کی کوشش کی ٹیم نے گاڑی کو گھیرے میں لے خفیہ خانوں سے 8.4 کلوگرام چرس برآمد ہونے پر 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا یہ منشیات اندرون ملک اسمگل کی جا رہی تھی۔

INTEKHAB QUETTA

## حاجی شہر، ڈاکوؤں کا مین بازار پر دھاوا، متعدد دکانوں کو لوٹ لیا

**تاجروں کا احتجاجی دھرنا، ملزمان گرفتار کر کے تحفظ فراہم کیا جائے، مظاہرین**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) حاجی شہر بازار میں دن دھاڑے ڈاکو لوٹ مار کے بعد فرار ہو گئے پولیس کے مطابق حاجی شہر میں اچانک نامعلوم افراد نے شہر کی مین بازار میں دھاوا بول دیا اور اسلحہ کے زور پر متعدد دکانوں سے لاکھوں روپے اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے واقعہ کے خلاف دکانداروں نے احتجاجاً دکانیں بند کر کے دھرنا دیا مظاہرین کا مطالبہ تھا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے تحفظ فراہم کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## 98 کروڑ روپے کے لین دین پر اغوا ہونیوالے 2 بھائی بازیاب، 3 ملزمان گرفتار

**اغوا کار مغویوں کو مختلف مقامات پر منتقل کرتے رہے، مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں**

**دور افتادہ علاقوں میں لوگوں کی سہولت کیلئے کرائم برانچ کے ریجنل دفاتر قائم کرنیکا فیصلہ کیا ہے، ڈی آئی جی ڈاکٹر فرحان**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی کرائم برانچ بلوچستان ڈاکٹر فرحان زاہد نے کہا ہے کہ 98 کروڑ روپے کے لین دین پر 6 ماہ قبل اغوا ہونے والے 2 بھائیوں کو بحفاظت بازیاب کرا کر 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ جبکہ مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں بسنے والے لوگوں کی سہولت کے لئے کرائم برانچ کے ریجنل دفاتر قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے تحت پہلے مرحلے میں ژوب، لورالائی رینج دفتر کا افتتاح کر دیا ہے جہاں پر ڈی ایس پی رینک کا آفیسر اور دیگر عملہ تعینات کیا جائے گا اس ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کے بعد سبی نصیر آباد اور پھر قلات ریجن میں دفاتر قائم کئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو اپنے دفتر میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایس ایس پی انوسٹی گیشن کرائم برانچ عطاء اللہ شاہ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی ڈاکٹر فرحان زاہد نے بتایا کہ 6 جون کو کوئٹہ کے علاقے کلی پائند خان شابو روڈ کے رہائشی حاجی قبات خان ولد دارا شاہ نے سراان لیویز تھانے میں رپورٹ درج کرائی تھی کہ میرے دو بیٹے عدنان خان اور عرفان خان کام کے سلسلے میں سراان گئے تھے جنہیں نامعلوم مسلح افراد نے گاڑی سمیت اغوا کر لیا اسی ماہ یہ کیس کرائم برانچ منتقل کیا گیا یہ کیس انتہائی اہمیت کا حامل تھا ایس ایس پی انوسٹی گیشن کرائم برانچ عطاء اللہ شاہ کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی گئی جس میں ڈی ایس پی مختیار موسیٰ خیل، ڈی ایس پی معراج خالد کاکڑ، تفتیشی انسپکٹر محمد ابراہیم، انسپکٹر شین گل شامل تھے جنہوں نے دونوں سگے بھائیوں مغویوں کی بازیابی کیلئے دن رات محنت کی معلومات پر ٹیم نے کئی علاقوں میں چھاپے مارے مگر اغوا کار مغویوں کو مختلف مقامات پر منتقل کرتے رہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 18 DEC 2025 Page No. 21

# سریاب روڈ توسیعی منصوبہ ادھورا، شہری حادثات کا شکار ہونے لگے

**جام کمال کے دور میں توسیع منصوبہ برسوں گزرنے کے باوجود مکمل نہ ہوسکا، عوام کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے**

**ادھورے تعمیراتی کام، کھلی نالیاں اور ٹوٹی سڑکیں ٹریفک جام حادثات کے باعث کئی شہری جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں**

**پیدل چلنے اور موٹر سائیکل سواروں کیلئے حفاظتی اقدامات نہ ہونا خطرناک ثابت ہو رہا ہے، شہریوں کا منصوبہ جلد مکمل کرنے کا مطالبہ**

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کا گنجان آباد اور مصروف ترین علاقہ سریاب روڈ، جو کبھی شہریوں کی روزمرہ زندگی کا اہم ذریعہ سمجھا جاتا تھا، آج بدانتظامی، غفلت اور ناقص منصوبہ بندی کی واضح مثال بن چکا ہے۔ سریاب روڈ کی توسیع کا منصوبہ، جس سے عوام کو سہولت ملنے کی امید تھی، اب شہریوں کے لیے شدید اذیت، مستقل پریشانی اور جان لیوا خطرات کا سبب بن گیا ہے۔ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے دور میں اس منصوبے کا آغاز بڑے دعوؤں کے ساتھ کیا گیا، مگر کئی سال گزرنے کے باوجود منصوبہ آج بھی بیساکھیوں پر چل رہا ہے اور اس کی تکمیل کا کوئی واضح وقت مقرر نہیں کیا جاسکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سریاب روڈ پر توسیعی کام ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے۔ کہیں سڑک کھودی ہوئی ہے، کہیں نالیاں کھلی پڑی ہیں اور کہیں آدھا کام مکمل کر کے چھوڑ دیا گیا ہے۔ اس صورتحال کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہو رہی ہے، گھنٹوں ٹریفک جام معمول بن چکا ہے جبکہ روزانہ کی بنیاد پر حادثات پیش آ رہے ہیں۔ ان حادثات میں متعدد شہری اپنی قیمتی جانیں گنوا چکے ہیں جبکہ درجنوں زخمی ہو چکے ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق منصوبے کے آغاز کے وقت عوام کو یقین دلایا گیا تھا کہ سڑک کی توسیع سے نہ صرف ٹریفک مسائل حل ہوں گے بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا، تاہم حقیقت اس کے برعکس سامنے آئی۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ سڑک کی خراب حالت کی وجہ سے گاہکوں کی آمد کم ہوگئی ہے، جس سے کاروبار شدید متاثر ہوا ہے۔ گرد و غبار اور ملبے نے ماحولیاتی آلودگی میں بھی اضافہ کر دیا ہے، جس سے سانس اور آنکھوں کی بیماریاں پھیل رہی ہیں۔ سریاب روڈ پر پیدل چلنے والوں اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے صورتحال سب سے زیادہ خطرناک ہو چکی ہے۔ سڑک کے کنارے حفاظتی باڑ نہ ہونے، مناسب اشاروں کی کمی اور رات کے وقت روشنی کے ناقص انتظام کے باعث حادثات کا خطرہ کئی گنا بڑھ گیا ہے۔ سریاب کے مکینوں نے حکومت بلوچستان، محکمہ مواصلات و تعمیرات اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سریاب روڈ کی توسیع کے منصوبے کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

# چاغی تا برآبچاہ روٹ پر ٹرانسپورٹ کرایوں میں ہوشربا اضافہ، مسافروں کو پریشانی

**فی مسافر 1800 سے 2200 روپے وصولی، سرکاری کرائے نامہ پر عمل نہ ہوسکا**

**ہوشربا مہنگائی میں متوسط و غریب طبقے پر اضافی بوجھ، ضلعی انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

چاغی (نامہ نگار) چاغی سے برآبچاہ تک چلنے والی لوکل گاڑیوں کے مالکان من مانی کرایہ وصول کر کے عوام کو شدید مالی دباؤ میں ڈال رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق موجودہ حالات میں اس روٹ پر کرایہ 1800 سے 2200 روپے تک وصول کیا جا رہا ہے، جو سرکاری نرخ سے کہیں زیادہ ہے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 5 پر

۔ عوامی حلقوں نے اس عمل کو بڑھتی ہوئی مہنگائی میں غریب شہریوں کے ساتھ ناانصافی قرار دیا ہے۔ عوامی نمائندوں اور مسافروں نے ضلع انتظامیہ سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ڈی سی چاغی عطاء المنعم بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر فوری طور پر چاغی تو برآبچاہ روٹ پر چلنے والی لوکل گاڑیوں کے مالکان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔ انہوں نے کہا کہ کرایوں میں کمی نہ کی گئی تو عوام سراپا احتجاج بن جائیں گے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کئی لوکل ٹرانسپورٹرز نے سرکاری نرخوں کو نظرانداز کر کے مسافروں سے من مانی رقم وصول کرنی شروع کر دی ہے، جس سے مسافروں کے لیے سفر کرنا مشکل اور مہنگا ہو گیا ہے۔

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 18 DEC 2025 Page No. 28

# ہر دوسرے دن میری حکومت جانے کی پیشگوئیاں کی جاتی ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے صوبے میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے اپنا موقف واضح کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتخابات ملتوی کرنے کا مطالبہ تمام سیاسی جماعتوں کی مشترکہ رائے ہے۔ کیا بارش برسانا میرے بس میں ہے؟ صوبے میں شدید خشک سالی ہے اور قدرتی وسائل محدود ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے مزید بتایا کہ اسلام آباد میں موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے پروگرام موجود ہے اور بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات دیگر صوبوں کے مقابلے میں زیادہ محسوس کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں کلائمنٹ فنڈ محدود وسائل کے باوجود قائم کیا گیا ہے تا کہ قدرتی آفات کے اثرات کو کم کیا جا سکے۔ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے سرفراز بگٹی نے کہا کہ ماضی میں کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات عدالت کے فیصلے کی وجہ سے روکے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں کون سے انتخابات ہیں جن کی مدت صرف 8 ماہ کی ہے، اور تمام سیاسی جماعتوں نے گورنر کو درخواست دی ہے کہ انتخابات ملتوی کیے جائیں۔ صوبے میں کون سے انتخابات ہیں جن کی مدت صرف 8 ماہ کی ہے، اور تمام سیاسی جماعتوں نے گورنر کو درخواست دی ہے کہ انتخابات ملتوی کیے جائیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی کی شرح میں واضح کمی آئی ہے اور گزشتہ ایک سال کے دوران 700 دہشت گرد مارے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کون چاہتا ہے کہ مار دھاڑ ہو اور کون سی حکومت چاہتی ہے کہ معصوم لوگ قتل ہوں، ریاست کا بنیادی کام حکومت کی رٹ قائم کرنا ہے مار دھاڑ ہو اور کون سی حکومت چاہتی ہے کہ معصوم لوگ قتل ہوں، ریاست کا بنیادی کام حکومت کی رٹ قائم کرنا ہے۔ مزید برآں، سرفراز بگٹی نے صوبے کے نامور کھلاڑی سلطان گولڈن کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمارے بزرگ ہیں اور انہوں نے ایک بار پھر عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کیا ہے۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب بلوچستان میں موسمیاتی بحران، دہشت گردی اور محدود وسائل کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے سیاسی جماعتیں بلدیاتی انتخابات کی منتا ملتوی کرنے کا مطالبہ کر رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کے مطابق، انتخابات کی بروقت تکمیل کے لیے حالات موزوں نہیں، اور صوبے کے عوام کی حفاظت اور وسائل کے موثر استعمال کو مقدم رکھا جا رہا ہے انہوں نے کہا ہے کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا ہم امن پسند لوگ ہیں اور بات چیت پر یقین رکھتے ہیں، لیکن جو ہتھیار اٹھا کر بے گناہ شہریوں اور فورسز کو نشانہ بنائے گا، اس کے لیے کوئی معافی نہیں ہے۔ "ایک سوال کے جواب میں سرفراز بگٹی نے حکومت کی تبدیلی اور ان ہاؤس چینج کی افواہوں کو سختی سے مسترد کر دیا۔ انہوں نے مسکراتے ہوئے کہا کہ "ہر دوسرے دن میری حکومت جانے کی پیشگوئیاں کی جاتی ہیں، لیکن ہم یہاں عوام کی خدمت کیلئے بیٹھے ہیں اور اپنی آئینی مدت پوری کریں گے۔ سازشی عناصر کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔" وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو روزگار اور تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے ناراض بلوچ نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پہاڑوں سے واپس آئیں اور صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں، ریاست انہیں گلے لگانے کیلئے تیار ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 DEC 2025 Page No. 24

# Promoting agriculture

Balochistan, enjoys a vast land area, ripe for agricultural exploitation. However, despite its immense potential, the province's agricultural sector remains underdeveloped, primarily due to water scarcity. Nevertheless, with the adoption of scientific irrigation systems, the uncultivated lands of Balochistan can be transformed into lush green fields, ushering in a new era of prosperity for the province and the country. The province is home to fertile lands in almost every district, awaiting cultivation. Farmers and landowners, however, require government support to overcome the challenges of water scarcity. By implementing modern irrigation methods, such as drip irrigation and sprinkler systems, vast areas of land can be brought under cultivation, increasing agricultural productivity and revenue. The benefits of developing Balochistan's agricultural sector are multifaceted. It will not only boost the provincial economy but also contribute significantly to the national exchequer. Moreover, it will create employment opportunities, improve food security, and enhance the overall quality of life for the people of Balochistan. Therefore, it is imperative that both the provincial and federal governments recognize the potential of Balochistan's agricultural sector and develop a comprehensive plan to irrigate the maximum possible area. By doing so, they can unlock the province's true potential, transforming its deserts into fertile lands and paving the way for a brighter future. The government needs to invest in modern irrigation infrastructure, providing subsidies and support to farmers for adopting scientific irrigation methods, promoting water conservation techniques, encouraging public-private partnerships in agriculture and conducting research and development to identify suitable crops for Balochistan's climate. Regrettably, the farmers and landowners still use conventional methods for irrigation and for cultivation. Agriculture is the mainstay of the economy of the province despite that the successive governments did not pay due attention for the promotion of agriculture and transforming it into modern lines. Therefore, in this modern age still farmers of Balochistan use flood irrigation systems, old techniques and crops which consume more water. The agriculture sector of the province needs prompt attention of the government as more than 70 per cent people in the province are directly or indirectly linked with this sector. Through focusing on this sector and increasing yield production per acre and utilizing uncultivated lands will help reduce unemployment and bring prosperity. The recent announcement of the government that agricultural tube-wells would be transformed into solar would help increase production of various crops in the province. There are many areas in the province where electricity is not available and the ground water is also sufficient. In such areas solar tube-wells would be more beneficial.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 DEC 2025 Page No. 25


## تربت کے ہسپتالوں میں سہولیات کی کمی

تربت بلوچستان کا ایک اہم اور نمایاں شہر ہے یہ بلوچستان کے جنوبی حصے میں واقع ہے اور دریائے کیچ کے کنارے آباد ہے وقت کے ساتھ ساتھ تربت کی آبادی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث یہاں زندگی گزارنا دن بہ دن مشکل ہوتا جا رہا ہے اس کی سب سے بڑی وجہ تربت کے ہسپتالوں میں بنیادی طبی سہولیات کی شدید کمی ہے

### تحریر۔ معصومہ محمود

اگرچہ تربت میں کئی سرکاری اور نجی ہسپتال موجود ہیں اور یہاں اچھے اور قابل ڈاکٹرز بھی تعینات ہیں، لیکن اس کے باوجود مریضوں کے علاج کے لیے ضروری سہولیات دستیاب نہیں ہیں جب کسی مریض کو کوئی سنگین یا پیچیدہ بیماری لاحق ہو جاتی ہے تو اسے اپنے شہر کے بجائے دوسرے شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے مگر غریب طبقے کے لوگوں کے لیے یہ ممکن نہیں کہ وہ دوسرے شہروں یا ملکوں میں جا کر اپنا علاج کروا سکیں بڑے عہدوں پر فائز ڈاکٹرز جب تربت میں تعینات ہوتے ہیں تو سہولتوں کی کمی کی وجہ سے نہ وہ مریضوں کا مکمل اور بہتر علاج کر پاتے ہیں اور نہ ہی جدید طریقوں سے تشخیص کر سکتے ہیں مناسب آلات اور سہولتوں کی عدم موجودگی کے باعث بعض اوقات مریض کی جان کو بھی خطرہ لاحق ہو جاتا ہے اس صورت حال میں اکثر الزام ڈاکٹروں پر عائد کر دیا جاتا ہے، حالانکہ اصل مسئلہ طبی سہولتوں کی کمی ہے تربت کے ہسپتالوں میں دل، آنکھ، گردہ اور جگر کی بیماریوں کے علاج کے لیے نہ تو ماہر ڈاکٹرز کی مناسب تعداد موجود ہے اور نہ ہی جدید مشینری، ایم آر آئی، سی ٹی اسکین اور دیگر اہم طبی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اسی طرح ایمرجنسی وارڈز میں بھی ایسی سہولتیں موجود نہیں جو کسی بڑے حادثے یا پیچیدہ ڈلیوری کے دوران مریض کی جان بچانے میں مدد دے سکیں اگر اسی طرح سہولتوں کی کمی برقرار رہی تو آبادی کے بڑھتے ہوئے دباؤ کے ساتھ یہ شہر مزید مسائل کا شکار ہو سکتا ہے صحت جیسے بنیادی شعبے کو نظر انداز کرنا کسی بھی شہر یا معاشرے کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے آخر میں میری حکومت سے پُرزور اپیل ہے کہ وہ تربت کے ہسپتالوں کو تمام ضروری اور جدید طبی سہولتیں فراہم کرے اس سے نہ صرف مریضوں کو بہتر علاج میسر آئے گا بلکہ ڈاکٹرز بھی اپنے فرائض بہتر طریقے سے ادا کر سکیں گے کسی بھی شہر یا ملک کی ترقی اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس کے شہریوں کو بنیادی حقوق، جیسے تعلیم، صحت اور صاف پانی، فراہم نہ کیے جائیں اگر صحت کا نظام مضبوط ہو تو ہی کوئی شہر خوشحال اور آباد بن سکتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 DEC 2025 Page No. 26

# گرین بس سروس تربت عوام کیلئے حکومت بلوچستان کا اہم تحفہ

**تحریر: چاکر بلوچ**

ضلع کیچ کا ہیڈ کوارٹر جسکا مرکز تربت شہر ہے۔تربت شہر اپنی خوبصورتی اور تاریخی اعتبار کے ساتھ ساتھ مکران ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر بھی ہے۔اسی طرح تربت بلوچستان کا ایک اہم تعلیمی، تجارتی اور انتظامی مرکز ہے جہاں روزانہ ہزاروں افراد کو آمد و رفت کے لیے سفری سہولیات کی ضرورت ہوتی ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی اور شہری پھیلاؤ کے باعث ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ایک سنگین چیلنج بن چکا تھا۔ ایسے میں گرین بس سروس کا آغاز نہ صرف وقت کی ضرورت تھا بلکہ یہ ایک خوش آئند اور مثبت قدم بھی ثابت ہوا ہے جو حکومت بلوچستان کی طرف سے عوام کیلئے بڑا تحفہ ہے۔تربت میں عوام کی اکثریت روزگار، تعلیم، علاج اور دیگر بنیادی ضروریات کے لیے شہر کے مختلف علاقوں کا سفر کرتی ہے۔نجی ٹرانسپورٹ مہنگی ہونے کے باعث کم آمدنی والے طبقے، طلبہ، خواتین اور بزرگ شہری شدید مشکلات کا شکار رہتے تھے۔گرین بس سروس نے ان طبقات کو سستی، محفوظ اور باوقار سفری سہولت فراہم کی ہے۔گرین بس سروس کی ایک بڑی اہمیت یہ ہے کہ یہ ماحول دوست نظامِ ٹرانسپورٹ ہے۔ایندھن کی کم کھپت اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے فضائی آلودگی میں کمی واقع ہوتی ہے، جو تربت جیسے شہر کے لیے نہایت ضروری ہے۔ اس سروس کے ذریعے نہ صرف ٹریفک دباؤ کم ہوگا بلکہ شہر کا ماحولیاتی توازن بھی بہتر ہوگا۔حکومتِ بلوچستان کی جانب سے تربت کے لیے چار گرین بسوں کی فراہمی اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبائی حکومت شہری سہولیات کی بہتری کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ اگرچہ یہ تعداد ابتدائی طور پر محدود ہے، تاہم اس اقدام نے عوام کے دلوں میں امید کی نئی کرن پیدا کی ہے کہ مستقبل میں اس سروس کو مزید وسعت دی جائے گی۔گرین بس سروس کے آغاز سے تعلیمی اداروں کے طلبہ کو خاص طور پر فائدہ پہنچے گا۔ اسکول، کالج اور یونیورسٹی جانے والے طلبہ اب کم خرچ میں بروقت اپنی منزل تک پہنچ سکتے ہیں، جس سے نہ صرف ان کی تعلیمی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ غیر حاضری اور سفری مشکلات میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔خواتین اور بزرگ شہریوں کے لیے بھی گرین بس ایک محفوظ اور با اعتماد ذریعہ نقل و حمل ہے۔ منظم روٹس، بہتر نشستوں اور نسبتاً محفوظ ماحول نے خواتین کو زیادہ اعتماد کے ساتھ سفر کرنے کا موقع فراہم کریگا، جو معاشرتی ترقی کے لیے ایک اہم پہلو ہے۔تربت میں گرین بس سروس سے معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ بازاروں اور تجارتی مراکز تک آسان رسائی سے خرید و فروخت میں اضافہ ہوگا، جبکہ روزگار کے مواقع پیدا ہونے سے مقامی معیشت کو تقویت ملے گی۔ یہ سروس شہری زندگی کو متحرک بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ تربت میں گرین بس سروس صرف ایک سفری سہولت نہیں بلکہ ایک ترقی یافتہ اور جدید شہر کی جانب قدم ہے۔حکومتِ بلوچستان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ بسوں کی تعداد میں اضافہ، روٹس کی توسیع اور سروس کے معیار کو مزید بہتر بنائے گی تاکہ تربت کے تمام شہری اس سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھاسکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 18 DEC 2025 Page No. 27


## بلوچستان میں لینڈ ایکوزیشن ایکٹ 1894 اور سیکشن 6 کا عملی اطلاق


تحریر: ایڈوکیٹ منصور بلوچ


بلوچستان میں زمین کے حصول کے عمل میں لینڈ ایکوزیشن ایکٹ 1894 ایک بنیادی قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ اس ایکٹ کے تحت مختلف مراحل طے کیے گئے ہیں تاکہ زمین کے حصول میں شفافیت، قانونی تحفظ اور عوامی مفاد یقینی بنایا جا سکے۔ ان مراحل میں سے سب سے اہم مرحلہ سیکشن 6 کے تحت "اعلانِ حصول" ہے، جو زمین کے قانونی حصول کا نقطہ آغاز سمجھا جاتا ہے۔

سیکشن 6 اس وقت نافذ ہوتا ہے جب حکومت یہ حتمی فیصلہ کر لیتی ہے کہ کسی مخصوص زمین کو عوامی مقصد یا کسی سرکاری/نیم سرکاری ادارے کے لیے حاصل کرنا ضروری ہے۔ اس اعلان کا مقصد یہ واضح کرنا ہوتا ہے کہ زمین کا حصول صرف عوامی فائدے کے لیے کیا جا رہا ہے اور اس عمل سے کسی غیر متعلقہ شخص کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ اس اعلان کے بعد زمین قانونی طور پر مخصوص (Reserved) ہو جاتی ہے اور کوئی شخص اس پر نئی تعمیر یا خرید و فروخت نہیں کر سکتا۔

اس اعلان کے اجراء سے پہلے تحقیق و جانچ کا مرحلہ مکمل کیا جاتا ہے، جو سیکشن 4 کے تحت انجام پاتا ہے۔ اس تحقیق میں زمین کی اصل ملکیت، رقبہ، موجودہ استعمال، اور عوامی ضرورت کے تقاضے شامل ہوتے ہیں۔ تحقیق مکمل ہونے کے بعد ہی سیکشن 6 کے تحت نوٹیفکیشن جاری کیا جاتا ہے، جو عموماً سرکاری گزٹ، ضلعی دفتر یا عوامی جگہوں پر آویزاں کیا جاتا ہے تاکہ علاقے کے تمام لوگ اس فیصلے سے آگاہ ہو سکیں۔

بلوچستان میں سیکشن 6 کے اعلان میں واضح طور پر درج کیا جاتا ہے: کون سی زمین حاصل کی جا رہی ہے، کتنے رقبے کی ضرورت ہے، زمین کس مقصد کے لیے لی جا رہی ہے اور کس سرکاری ادارے کے استعمال کے لیے یہ زمین مختص کی گئی ہے۔ یہ وضاحت نہ صرف شفافیت کے لیے ضروری ہے بلکہ مستقبل میں قانونی تنازعات سے بچاؤ کا ذریعہ بھی بنتی ہے۔

اس اعلان کے خلاف عدالت میں صرف اس بنیاد پر اعتراض کیا جا سکتا ہے کہ حکومت کا مقصد عوامی فائدہ نہیں تھا یا طریقہ کار میں سنگین خلاف ورزی ہوئی۔ اسی وجہ سے سیکشن 6 زمین کے حصول میں قانونی استحکام فراہم کرتا ہے اور یہ مرحلہ حکومت کے ارادے کو حتمی شکل دیتا ہے۔

بلوچستان میں سیکشن 6 کا اطلاق اکثر پبلک پراجیکٹس جیسے سڑکیں، ڈیمز، اسکول، سرکاری دفاتر، اور بجلی یا گیس کے منصوبوں کے لیے ہوتا ہے۔ یہ مرحلہ نہ صرف زمین کے قانونی حصول کی شروعات ہے بلکہ اس سے عوامی مفاد اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل بھی ممکن ہوتی ہے۔ مختصراً، سیکشن 6 لینڈ ایکوزیشن کے عمل کا سب سے اہم حصہ ہے جو زمین کے حصول کو قانونی تحفظ دیتا ہے، حکومت کے ارادے کو واضح کرتا ہے اور عوامی مفاد کو مقدم رکھتا ہے۔